یوکرین میں رہنے والے ہندوستانیوں خاص طور پر ڈونسٹسک اور لیوگانسک کے خطے میں رہنے والے ہندوستانی طلبہ کو فوراً ملک چھوڑنے کی ہدایت

23 جنوری، 2015 (آئی این ایس انڈیا)

یوکرین کے کیف میں واقع ہندوستانی سفارت خانہ نے جون 2014 میں ہندوستانیوں کو یوکرین کے ڈونسٹسک اور لیو گانسک خطے سے نکل جانے کو کہا تھا۔ہندوستانی سفارت خانہ اس وقت ہندوستانی باشندوں بالخصوص ہندوستانی طلبہ کے لئے خطے میں ہورہی مسلسل خونریزی کے پس منظر میں وہاں لوٹنے کے خلاف لگاتار ہدایات جاری کرتا رہا تھا۔ان ہدایات کے باوجود ہمارے سفارت خانہ کو معلوم ہوا ہے کہ کچھ طلبہ نے ڈونسٹسک اور لیو گانسک کے اپنے تعلیمی اداروں کو دوبارہ جوائن کرلیا ہے،سفارت خانہ براہ راست ایسے طلبہ سے، جب بھی ممکن ہومشن کی ویب سائٹ پر ڈالی گئی ضروری ہدایات کے ذریعہ فوری طور پر ان علاقوں کو چھوڑ دینے کا مطالبہ کرتا ہے۔

جیسا کہ وسیع پیمانہ پر میڈیا میں خبریں آرہی ہیں کہ ڈونسٹسک اور لیو گانسک میں گذشتہ کچھ دنوں سے شدید گولہ باری اور لڑائیاں جاری ہیں۔سلامتی کی بگڑتی صورت حال کے پیش نظر سختی کے ساتھ ہندوستانیوں بالخصوص طلبہ سے ڈونسٹسک اور لیوگانسک کے علاقہ کو فوری طور پر چھوڑ دینے کو کہا جاتا ہے۔ہندوستانیوں کو سختی کے ساتھ ان علاقوں کی طرف سفر نہ کرنے کی بھی ہدایات دی جاتی ہیں۔

کسی بھی ہنگامی صورت حال میں کیف میں واقع ہندوستانی سفارت خانہ کی ویب سائٹ www.embassyofindiaukarine.in یا ای میل eoikmail@gmail.com پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔رابطہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے ای میل کا موضوع ایمرجنسی (بڑے حروف اور بولڈ) کے لفظ سے شروع کیا جائے، مثال کے طور پر EMERGENCY پھر اس کے بعد موضوع لکھیں۔اور ٹیلی فون پر بھی رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے:

ٹیلی فون نمبر: 380-44-46870231+ موبائل نمبر: 380-933559957+ (تعلیم سے متعلق سوالات کے لئے) ٹیلی فون نمبر: 380-44-4686670+ موبائل نمبر: 380-933559958+ (سفارت خانہ سے متعلق سوالات کے لئے)

ٹیلی فون نمبر: 380-44-4686219,4686661+ موبائل نمبر: 380-930913855+ (دیگر سوالات کے لئے)

نئی دہلی،

23 جنوری، 2015